کتب خانہ رامپور

V
SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالهم و ملکهم

نمبر ۲۰	مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۸ ربیع الآخر سنہ ۱۳۶۱ھ مطابق ۲۵ اپریل سنہ ۱۹۴۲ء	جلد ۵۵

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالهم و ملکهم

چہارم (ا) ول

۱	منظوری اضافہ تنخواہ کپتان شریف احمد خاں صاحب فرسٹ میڈ رضا انفنٹری	۲	۵	منظوری توسیع ملازمت لفٹنٹ کرنل عزیز حسن خاں صاحب بہادر اکٹنگ چیف کمانڈنٹ تا اختتام جنگ۔	۳
۲	" نام ابکیل۔ تنخواہ صاحب فنانس سکریٹری بہادر	۳			
۳	" مسودہ ترمیم قانون نمک ریاست رامپور ۱۹۴۲ء	۳	۶	منظوری آرڈیننس اخراج برآمد غلہ ریاست رامپور ۱۹۴۲ء	۴
۴	روبکار بابت مقرر فرمائے جانے "ڈائرکٹر" عالیجناب مسٹر آر ایچ بیکوک صاحب بہادر بوجوہ ڈائرکٹران میسرز جے کے گیس پلانٹ منیفکچرنگ کمپنی لمیٹڈ و مسٹر رجب کے ربر منیفکچرنگ کمپنی لمیٹڈ	۵			

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

۱	منظوری نفاذ "حکم دقبضہ" آرڈیننس امداد معاشی افواج برقیہ ریاست رامپور ۱۹۴۲ء	۵

(مطبوعہ سٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم :- داتع ۱۹ اپریل ۱۹۴۲ء

بموجب رپورٹ کپتان شریف اللہ خاں فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کو ۱۷ اپریل ۱۹۴۲ء سے [illegible] ماہوار تنخواہ دیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جز عرض — میر [illegible]

جناب عالی

کپتان شریف اللہ خاں صاحب فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کو بحکم اجلاس ہمایوں صادرہ ۱۲ اپریل ۱۹۳۸ء کپتان رینک پر ترقی عطا فرمائی گئی تھی۔ جس کو ۱۲ اپریل ۱۹۴۲ء کو چار سال ہو جائیں گے۔

انڈین آرمی میں چار سالہ کپتان رینک پر رہنے کے بعد مبلغ [illegible] ماہوار تنخواہ ملتی ہے۔ اسٹیٹ افسران فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کو بوجہ خدمات جنگ چونکہ انڈین آرمی کی شرح تنخواہ کا ۲/۳ دیا جا رہا ہے۔ لہذا کپتان شریف اللہ خاں صاحب ۱۲ اپریل ۱۹۴۲ء سے مبلغ [illegible] کا ۲/۳ یعنی مبلغ [illegible] ماہوار پانے کے مستحق ہیں۔ عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے کپتان صاحب کو ۱۲ اپریل ۱۹۴۲ء سے مبلغ [illegible] ماہوار تنخواہ دیئے جانے سے اتفاق فرمالیا ہے۔

بنا بریں ترقی تنخواہ مستدعی ہے کہ کپتان شریف اللہ خاں صاحب فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کی تنخواہ موجودہ میں ۱۲ اپریل ۱۹۴۲ء سے مبلغ [illegible] ماہوار اضافہ کرکے مبلغ [illegible] ماہوار تنخواہ دیئے جانے کی منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ عظمت اقبال جاوید باد

عرضے

ترقی تنخواہ دستخط عالی مرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

معروضہ ۱۵ اپریل ۱۹۴۲ء

حکم :- داتع ۱۹ اپریل ۱۹۴۲ء

عرضداشت عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے صدور حکم منظوری عطائے اضافہ ٹائم اسکیل پندرہ روپیہ ماہوار صاحب فائنانس سکریٹری بہادر از تاریخ استحقاق یکم مئی ۱۹۴۲ء جس میں صراحت کی گئی ہے کہ اضافہ ٹائم اسکیل [illegible] ماہانہ از یکم مئی ۱۹۴۲ء بجٹ سال ۴۳-۱۹۴۲ء میں رکھا جا چکا ہے۔

حکم

بموجب رپورٹ صاحب فائنانس سکریٹری بہادر کے اضافہ ٹائم اسکیل پندرہ روپیہ ماہوار کی یکم مئی ۱۹۴۲ء سے منظوری دی جاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم :- واقع ۱۹ اپریل ۱۹۳۲ء

بموجب رپورٹ - مسودہ ترمیم قانون نیشکر ریاست رامپور ۱۹۳۲ء منظور ہے۔ کاغذات عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں -

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض میرساند
جناب عالی

مسودہ ترمیم قانون نیشکر ریاست رامپور ۱۹۳۲ء مجلس مقننہ کے جلسہ منعقدہ ۱۵ اپریل ۱۹۳۲ء میں پیش ہو کر پاس ہو چکا ہے اور سکریٹری صاحب مجلس مقننہ نے بموجب قاعدہ (۱۰۳) قواعد انضباط و طریق کار روائی مجلس مقننہ کاغذات منظوری کے لئے بھیجے ہیں جو ذریعہ عرضداشت بحضور معلیٰ پیش ہیں - ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف صدور پائے - زیادہ حد ادب

آفتاب دولت و اقبال تاباں باد

فدوی
دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۱۷ اپریل ۱۹۳۲ء

نوٹ :- ترمیم قانون نیشکر بورا بالا گزٹ کے حصہ سوم میں شائع ہوا ہے -

روبکار :- واقع ۱۹ اپریل ۱۹۳۲ء

عالی مرتبت مسٹر آر - ایچ سیڈوے صاحب بہادر کو بحیثیت منسٹر انچارج انڈسٹریز میسرس جے۔ کے گیس پلانٹ مینفکچرنگ کمپنی لمیٹڈ اور میسرس جے۔ کے ری مینفکچرنگ کمپنی لمیٹڈ کے بورڈ ہائے ڈائرکٹران پر منجانب ریاست ڈائرکٹر مقرر کیا جاتا ہے -

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو -

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم

سررشتہ صدر سے حسب منشائے حکم ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ہو - ۲۰ اپریل ۱۹۳۲ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :- واقع ۲۰ اپریل ۱۹۳۲ء

بموجب رپورٹ - لفٹنٹ کرنل عزیز حسن خاں صاحب بہادر ایکٹنگ چیف کمانڈنٹ کی ملازمت میں یکم مئی ۱۹۳۲ء سے تا اختتام جنگ توسیع منظور ہے - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - آرمی آرڈر جاری کیا جائے - دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض میرساند
جناب عالی

بحکم اجلاس ہمایوں صادرہ ۲۸ مئی ۱۹۳۱ء

لفٹننٹ کرنل عزیز حسن خاں صاحب ایکٹنگ چیف کمانڈنٹ بہادر کی ملازمت میں ایکسال کی توسیع من ابتدائے یکم مئی سنہ ۱۹۲۱ء منظور فرمائی گئی تھی۔ یکم مئی سنہ ۱۹۲۲ء سے مزید توسیع کی ضرورت ہے۔

ترتیجواہ مستدعی ہے کہ لفٹننٹ کرنل صاحب بہادر کی ملازمت میں مزید توسیع من ابتدائے یکم مئی سنہ ۱۹۲۲ء تا اختتام جنگ پیشگاہ ہمایوں سے منظور فرمائی جائے۔ عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر کو اس سے اتفاق ہے۔ زیادہ حد ادب۔

دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترتیجواہ دستخط عالیمرتبت صاحب ملٹری سکرٹری بہادر

معروضہ ۱۷ر اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

حکم :- واقع ۲۲ر اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

بموجب رپورٹ آرڈیننس امتناع برآمد غلہ ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۲ء کی منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض — برسانند

جناب عالی

آرڈیننس امتناع برآمد غلہ ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۱ء مصدرہ ۱۱ر دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء کی دفعہ (۲) میں صرف اجناس گندم مکا، باجرہ اور جوار کی برآمد کی ممانعت کے متعلق صراحت ہے۔

اب بنظر حالات اجناس چاول۔ دال۔ ارہر۔ ماش اور دالوں وغیرہ کے باہر بھیجانے کی ممانعت کئے جانے کی بھی ضرورت محسوس کی گئی ہے اس لئے آرڈیننس مذکورہ قابل ترمیم ہے لیکن چونکہ حال ہی میں آرڈیننس مذکور میں ترمیم ہو چکی ہے۔ اس وجہ سے اس میں اب مزید ترمیم کئے جانے کی بجائے بحیثیت جدید آرڈیننس کا اجرا مناسب خیال کرتے ہوئے بموجب مسودہ منسلکہ عالیمرتبت صاحب اسسٹنٹ [illegible] بہادر جدید آرڈیننس جاری کئے جانے کی تجویز ہے کاغذات ذریعہ یادداشت بحضور انور و اشرف پیش ہیں۔ ترتیجواہ مستدعی ہے کہ بموجب مسودہ منسلکہ اجرا و نفاذ "آرڈیننس امتناع برآمد غلہ ریاست رامپور سنہ ۱۹۲۲ء" کا حکم منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف صدور پائے۔ زیادہ حد ادب۔ آفتاب دولت و اقبال جاوید باد تاباں

ترتیجواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر۔ معروضہ ۲۲ر اپریل سنہ ۱۹۲۲ء

(نوٹ، آرڈیننس امتناع برآمد غلہ بموجب حکم بالا گزٹ کے حصہ سوم میں شائع ہے)

ARMY ORDER

BY

GENERAL HIS HIGHNESS THE NAWAB OF RAMPUR.

Dated 2nd April, 1942.

Due to the approach of hot weather it is hereby ordered that with effect from 25th April 1942, all Officers and Ranks on guard duty as well as those on our Personal Staff shall move into Summer Kit.

State Officers are permitted to wear Bush Shirts and Slacks, while as Indian Officers and other Ranks shall wear Shirts and Shorts.

(*Sd.*) GENERAL HIS HIGHNESS,
The Nawab of Rampur.

Original to be kept in Army Head Quarters and Copies to:—

1. Hon'ble Chief Minister,
2. Hon'ble Chief Medical Officer,
3. Hon'ble Major Hori Lall Varma,
4. Hon'ble Military Secretary,
5. Hon'ble Private Secretary,
6. Assistant Military Secretary,
7. Ijlas-i-Humayun for record,
8. State Press, for publication in the State Gazette.

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر نمبر ۶۵۴ ایس　　　واقع ۱۸ اپریل ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۳ اپریل ۱۹۴۲ء میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت نفاذ "حکم (قبضہ) آلہ بلند ارتعاش امواج برقیہ ریاست رامپور ۱۹۴۲ء" منجانب گورنمنٹ رامپور تحت اختیارات محکومہ قاعدہ ۳ (الف) قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور پیش ہو کر طے پایا کہ:-

حسب تجویز "حکم (قبضہ) آلہ بلند ارتعاش امواج برقیہ ریاست رامپور ۱۹۴۲ء" کا نفاذ منجانب گورنمنٹ رامپور منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اشاعت بہ گزٹ بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب دار الانشار رسیلو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

اعلان

حکم (قبضہ) آلہ بلند ارتعاش امواج برقیہ ریاست رامپور ۱۹۴۲ء

باستعمال اختیارات محکومہ قاعدہ ۳ (الف) قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور حسب ذیل حکم صادر کرتی ہے۔

(۱) حکم ہذا حکم (قبضہ) آلہ بلند ارتعاش امواج برقیہ ۱۹۴۲ء کے نام سے موسوم ہوگا

(۲) حکم ہذا اس آلہ سے متعلق ہے جسکی انتہائی پیدا شدہ قوت برقی دس واٹ سے زائد ہو بجائے جس ہزار دور فی سکنڈ ارتعاش امواج برقیہ پیدا ہوتی ہوں یا استعمال میں آتی ہوں۔ اور جو بے تار برقی سے خبر پہنچانے والا آلہ ہو

(۳) ۱۔ یکم اپریل ۱۹۴۲ء کو یا اسکے بعد کوئی شخص سوائے اس اجازت نامہ کے تحت جو اس بابت عالیمرتبت جناب صاحب چیف منسٹر بہادر کی جانب سے یا انکے کسی نامزد شدہ شخص کی جانب سے بشمول ڈائرکٹر جنرل پوسٹ و ٹیلیگراف برطانیہ ہند اپنے قبضہ میں کسی ایسے آلہ کو نہ رکھیگا جس سے کہ اس حکم کا تعلق ہو لیکن شرط یہ ہے کہ وہ شخص جو نفاذ کی تاریخ سے پہلے اجازت کیلئے درخواست دیدی ہو وہ اپنے قبضہ میں اس آلہ کو اسوقت تک رکھ سکتا ہے جبتک کہ اسکی درخواست پر احکام صادر نہ ہوں۔

۲۔ تحت حکم ہذا اجازت نامہ عطا کرنیمیں عالیمرتبت جناب صاحب چیف منسٹر بہادر یا انکا نامزد کردہ شخص بشمول ڈائرکٹر جنرل پوسٹ و ٹیلیگراف برطانیہ ہند ایسی تجویز عائد کرسکتے ہیں جیسی کہ وہ مناسب خیال کریں جسکی خلاف ورزی کی بنا پر صاحبان موصوف اجازت نامہ کو منسوخ کرسکتے ہیں۔

(۴) وہ شخص جس کے قبضہ میں کوئی ایسا آلہ ہو جس سے حکم ہذا متعلق ہو یا اگر عالیمرتبت جناب صاحب چیف منسٹر بہادر یا انکے نامزد کردہ شخص یا عالیمرتبت حقانی آئی جی پولیس جنکے خلاف اختیار ہے وہ شخص جتا ہو آلہ کو عالیمرتبت صاحب آئی جی پولیس یا سپرنٹنڈنٹ پولیس کے حوالہ کردیگا۔

(۵) حکم ہذا میں کوئی بات اس آلہ سے متعلق نہ ہوگی جو گورنمنٹ کے کسی محکمہ کے قبضہ میں ہو۔

اعلان

باتباع اختیارات جو تحت حکم (قبضہ) آلہ بلند ارتعاش امواج برقی ریاست رامپور ۱۹۴۲ء مجھکو عطا کئے گئے ہیں میں اپنی جانب سے مسٹر امیر احمد خان انجینیر و منشی برقی کو اختیارات عمل میں لانے کے لئے مقرر کرتا ہوں۔